الجامعة البنورية العالمية
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

MODE: **Regular**

Name : **parveen**
Address :
Subject : **TALAQ**
Writer : شہزاد

Serial No : **13833**
Date : **9/23/2011**
Contact No:
Email :

mera sawal ya hay key bewi ager khi jany ki zeed kery or shoher larai k dermyan ghosy main khay k mari terf sey tum farigh ho jaha marzi jao .or phir bewi ki btamizi per per ya khy key jao dafa ho jao aapni maa key gher or jo bachy sath jain on ko b ley jao .main roz roz ki tenssion sey tang ho gea hoon .phir sobha agly din bewi k dobra pochny per phir sey khay k mari terf sey tum farigh ho jahan dil chahy jao . kia is sey talaq waqya ho gee .yad rahy k shoher khta hay k mera tlaq deny ka koi aradha nahi tha .
koch sal pahly b larai key duran ya kaha ho ko dafa ho jao .maa key gher ho to wahi raho any ki zarot nahi .

bray mahrbani ferma ker bta dey key kia tlaq waqya ho gai or ager ho gai to ktni or kia wo rajo ker sakty hain .jab k shoher yahi khta hay k os ka irada bilkol nahi tha talaq deny ka .ya sab main bass ghosy main kaha is sey mera matlab ya tha k tumhry dil main jo ay kero .

میرا سوال یہ ہے کہ بیوی اگر کہیں جانے کی ضد کرے اور شوہر لڑائی کے درمیان غصہ میں کہے کہ میری طرف سے تم فارغ ہو جہاں مرضی جاؤ۔ اور پھر بیوی کی بدتمیزی پر یہ کہا کہ جاؤ دفع ہو جاؤ اپنی ماں کے گھر۔ اور جو بچے ساتھ جائیں ان کو بھی ساتھ لے جاؤ۔ میں روز روز کی پریشانی سے تنگ ہو گیا ہوں۔ پھر صبح اگلے دن بیوی کے دوبارہ پوچھنے پر پھر سے کہا کہ میری طرف سے تم فارغ ہو جہاں دل چاہے جاؤ۔ کیا اس سے طلاق واقع ہو گئی۔ یاد رہے کہ شوہر کہتا ہے میرا طلاق دینے کا کوئی ارادہ نہیں تھا۔ کچھ سال پہلے بھی لڑائی کے دوران یہ کہا ہو کہ دفع ہو جاؤ ماں کے گھر ہو تو وہیں رہو آنے کی ضرورت نہیں۔ برائے مہربانی بتادیں کہ طلاق واقع ہو گئی اگر ہو گئی تو کتنی؟ اور کیا وہ رجوع کر سکتے ہیں۔ جبکہ شوہر یہی کہتا ہے کہ میرا طلاق دینے کا ارادہ بالکل نہیں تھا۔ یہ سب میں نے غصہ میں کہا تھا اس سے میرا مطلب یہ تھا کہ تمہارے دل میں جو آئے کرو۔

الجواب حامداً و مصلیاً

میری طرف سے تم فارغ ہو کا جملہ عند القرینہ طلاق صریح بائن کے لئے مستعمل ہے۔ صورتِ مسئولہ میں غصہ اور لڑکی کا کہیں جانے کی ضد کے جواب میں مذکورہ جملہ بولنا قرینہ حالیہ ہے اس لئے اس سے ایک طلاق بائن واقع ہو چکی ہے جبکہ دیگر الفاظ نیت نہ ہونے کی وجہ سے لغو ہیں جبکہ مذکورہ ایک طلاق بائن کا حکم یہ ہے کہ اس طلاق سے میاں بیوی کے درمیان رشتۂ زوجیت ختم ہو چکا ہے اب رجوع نہیں ہو سکتا۔ البتہ نئے حق مہر کے ساتھ

(جاری ہے)

گواہان کی موجودگی میں تجدید نکاح کیا جاسکتا ہے تاہم اس دوبارہ تجدید نکاح کے بعد شوہر کو فقط دو طلاقوں کا اختیار رہے گا جب کبھی وہ دو طلاقیں بھی دیدے تو اس کی بیوی پر تینوں طلاقیں واقع ہوکر حرمتِ مغلظہ ثابت ہوجائے گی اس کے بعد حلالہ شرعیہ کے بغیر دوبارہ باہم عقدِ نکاح بھی نہیں ہوسکے گا۔

كما في الهندية: (وما يصلح جواباً وشتماً) خلية برية
بتة بائن حرام (إلى قوله) وفي حالة المذاكرة الطلاق يقع
الطلاق في سائر الأقسام الخ (١/ ص ٣٧٤)۔

وفيها أيضاً: (وأما حكمه) فوقوع الفرقة بانقضاء العدة
في الرجعي وبدونه في البائن الخ (١/ ص ٣٤٨)۔

والله أعلم بالصواب
شیراز علی عفی عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
٨ شعبان المعظم ١٤٣٣ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان غفرلہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
٩/ ٨/ ١٤٣٣ھ

الجواب صحیح
بندہ [illegible]
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
٨ شعبان المعظم ١٤٣٣ھ

دار الافتاء
١٤٣٣
جامعہ بنوریہ العالمیہ

نائب رئیس
دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

1/7/12